جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

حضرت مہتمم صاحب کے اسفار:

۵ر دسمبر ۲۰۱۲ء کو لاہور میں ملک میں آئندہ الیکشن کے لئے دینی جماعتوں پر مشتمل ''متحدہ دینی محاذ'' کا قیام عمل میں لایا گیا۔ ۱۰ر دسمبر بروز پیر کو دینی محاذ کا اہم اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ بعد میں قائد جمعیت مولانا سمیع الحق نے کونسل میں شامل جماعتوں کے قائدین کے ہمراہ محسن پاکستان محترم جناب ڈاکٹر عبدالقدیر خان صاحب سے ان کی رہائش گاہ پر ان سے ملکی اور بین الاقوامی سیاسی صورتحال پر ایک گھنٹہ تفصیلی ملاقات وتبادلہ خیال کیا۔

۱۵ر دسمبر کو حضرت مولانا مہتمم صاحب مدظلہ کوہاٹ تشریف لے گئے اور وہاں پر جمعیت علماء اسلام کے مرکزی امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا نعمت اللہؒ کی یاد میں منعقدہ تعزیتی اجتماع جامعہ اسلامیہ میں شرکت کی اور آپ کے صاحبزادگان مولانا عزیز الرحمٰنؒ، مولانا عبدالرحمٰنؒ اور حافظ جمیل الرحمٰن سے آپ نے تعزیت کی۔ اور شیخ الحدیث کی قبر پر فاتحہ خوانی کی گئی۔ اس کے علاوہ آپ نے مدرسہ قاضی حسام الدین میں مفتی محمد نعیم کی تعزیت بھی کی۔ اس موقع پر علماء اور طلباء کے بڑے مجمع سے خطاب کیا، یہاں سے فارغ ہوکر مسلم لیگ کے ضلعی صدر ملک محمد اسد کی طرف سے دیئے گئے ظہرانے میں شرکت کی۔ اور اس موقع پر سابق ایم این اے جاوید ابراہیم پراچہ کی عیادت بھی کی۔

۱۶ر دسمبر کو لاہور میں واہگہ بارڈر تک کیے گئے ''دفاع پاکستان کارواں'' کے تحت لانگ مارچ میں شرکت کی اور مختلف مقامات اور ٹی وی چینلز وقت اور ایکسپریس کا دورہ کیا اور انٹرویوز بھی دیئے۔

اسی طرح مولانا حامد الحق حقانی صاحب نے اسلام آباد میں پلڈاٹ کی دعوت پر آل پارٹیز کانفرنس میں جمعیت علماء اسلام کی طرف سے شرکت اور نمائندگی کی۔ اس کانفرنس میں پاکستان کی تمام مذہبی وسیاسی پارٹیوں کے لیڈران اور اہم ترین نمائندوں نے شرکت کی۔ مولانا کی معاونت مولانا اسرار حقانی نے کی۔

دارالعلوم میں مہمانوں کی آمد: برما کے مولانا عثمان جہانگیر صاحب اپنے وفد کے ہمراہ جناب یعقوب صاحب، جناب محمد حسن صاحب، جناب اشرف صاحب دارالعلوم تشریف لائے۔ اور حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور مولانا راشد الحق صاحب سے ملاقات کی۔ مولانا جہانگیر صاحب برما میں ماہنامہ ''الحق'' کے قدیم قاری اور سرپرست ہیں۔ آپ دارالعلوم کے انتہائی مخلص جناب ایوب مامون صاحب ساکن کراچی کے قریبی عزیز ہیں۔